# جملہ حقوق محفوظ ہیں


کتاب : صدائے غم (حصہ دوم)

مصنف : سید ضمیر الحسن تنویر

اشاعت اول : 2011ء

اہتمام : ڈاکٹر ذوالفقار علی

مطبع : اظہار سنز پرنٹرز

قیمت : =/350 روپے




# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1۔ | انتساب | 11 |
| 2۔ | پہلی بات | 13 |
| 3۔ | تقریظ پروفیسر سید عقیل عباس شیرازی | 15 |
| 4۔ | تقریظ راجہ مظفر منصور | 17 |
| 5۔ | صدائے غم میری نظر میں: پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی | 19 |
| 6۔ | تاثر : سید حسن عقیل ایڈووکیٹ | 21 |
| 7۔ | مُسلم ذرا تو سن لے حالات شاہ زمن کے | 26 |
| 8۔ | مجبوری کوئی بنڑ گئی اے ٹری دیگر ویلے آلِ عبا | 28 |
| 9۔ | گل لا کے قبر محمدؐ دی آکھے پاک بتول دا جایا ہے | 29 |
| 10۔ | چھوڑتا ہوں میں وطن دیں کو بچانے کے لئے | 30 |
| 11۔ | کس طرح چھوڑا وطن پوچھے کوئی شبیرؑ سے | 32 |
| 12۔ | کاش کوئی پوچھتا یہ مالکِ تقدیر سے | 34 |
| 13۔ | یا رَبّ نہ کوئی نکلے مجبور ہو کے گھر سے | 36 |
| 14۔ | پیا ٹر دائے وطن توں قافلے نوں کر کے تقسیم شبیر اے | 38 |
| 15۔ | وعدہ جو میں نے کیا تھا وہ نبھانا ہوگا | 39 |
| 16۔ | کیوں آل پہ مُسلمان یہ ظُلم ڈھا رہے ہیں | 40 |
| 17۔ | ہو گئی ماہِ رجب میں بے وطن آلِ عبا | 42 |

18- بابے دے بعد زہراؑ اک پل نہ چین پایا 43
19- دھی مصطفیٰؐ اے خیر النساء اے بابے نوں روندی ٹر گئی ہے زہراؑ 44
20- عمران دا چن وچ سجدے دے ہویا زخمی خنجر دے نال اے 45
21- اُٹھیا جدوں جنازہ کوفے دے وچ علیؑ دا 46
22- میرا آ گیا وقت شہادت دا توں حوصلے نال نبھا زینبؑ 48
23- زخمی ہویا جنازہ اج حسنؑ مجتبےٰ دا 49
24- کیوں حسنؑ دے پاک جنازے تے کجھ لوگاں تیر چلائے نے 50
25- پہلا میت حسنؑ دا دُنیا تے جہیڑا گھر وچ واپس آیا ہے 51
26- کس نے زہر دیا ہے زہراؑ کے گلبدن کو 53
27- قاسم دی لاش نوں لا سینے شبیرؑ خیام اِچ آیا ہے 55
28- اے پاک جنازہ قاسم دا جہیڑا عین شباب اِچ قتل ہویا 56
29- کہیڑی جاہ لتھا ہیں میرا سوہنا بچڑا مینوں بلا جا میری اپنی قسمت 57
30- میں لاش اکبرؑ نہیں چا سکدا کر مدد توں نجف دا شاہ بابا 58
31- ہوئی ختم جوانی کربل وچ اکبرؑ دی موت دے نال 59
32- پیا ویندائے مقتل گاہ دے وچ منگ اکبرؑ کا نڑ دعا زینبؑ 61
33- تینوں مرنڑ دی رُخصت دے سکدی تیرے پالنڑ والی ما اکبرؑ 63
34- پیا اکبرؑ ٹردائے دنیا توں آ ویرنڑ نوں پرچا زینبؑ 64
35- اے چہرہ رج کے تک زینبؑ ہک لحظے دا مہمان اکبرؑ 65
36- چادر تطہیر دے سائے وچ جہینوں ما بنڑ آپ پلیندی رہی 66
37- کیوں اُٹھدا ہا ہندا رب جانے مقتل وچ بابا اکبرؑ دا 67
38- زخمی اکبرؑ کیویں چانواں 69
39- بہوں او کھا ویلا سید تے آیا مقتل توں جسدم اکبرؑ بلایا 70





40- قربان کیتا نانے دا چہرا 71
41- بے جُرم حُرملہ نے اصغرؑ کو تیر مارا 72
42- آؤ اصغرؑ تمہیں ہمشیر صدا دیتی ہے 73
43- تیرے لہو سے اصغرؑ اسلام سُرخرو ہے 75
44- تیرے بغیر اصغر نہیں ما نوں چین آندا 76
45- اصغرؑ تمہیں سکینہؑ کب سے بلا رہی ہے 77
46- لوگو حُسینؑ دا غم اسلام دی بقاء اے 79
47- احسان محمدؐ دا اُمت نے بُھلایا ہے 81
48- کیوں رُلی آلِ نبیؐ جنگلاں دیوچ میرے خُدا 82
49- اصغر کی پیاس دیکھ کے بے چین ہے فرات 83
50- مصروف ہے آخری سجدے وچ تنہا زینبؑ دا ویرا اے 84
51- بُھولے گی نہ شبیرؑ تیرے غم کی کہانی 85
52- روئے پاک رُسول نواسے دا ہائے رکھ کے نام حُسینؑ 87
53- شبیرؑ مطمئن تھے سجدے میں سر کٹا کے 89
54- کل ظہر ویلے میں قتل ہویا تُوں لاش تے کیوں نہیں آئی زینبؑ 91
55- حُسینؑ ہک نہیں ہو گئے قتل رسولِ خُدا 92
56- حُسینؑ ہک نہیں ہو گئے قتل رسولِ خُدا 94
57- ویراں نوں خیر ہووے بھینڑیں منگنڑ دُعانواں 95
58- زندہ رکھے گا دین کو یہ غم حسینؑ کا 97
59- نمازِ عصر میں ہم نے تو سر کٹانا ہے 99
60- سبطِ رُسولِ دوسرا 100
61- زہراؑ علیہا سر خاک پا کے مقتول بچڑے دے لاشے تے آئی 102

62- جیویں کفن وچوں توں سڈیا یا تیرے سارے قرض لہیندا میں 103

63- پیا منگدا ائے اپنے قاتلاں توں زہراؑ داچن اِمدادے 105

64- توں آویں نہ مقتل وچ پیا سجدہ میں دینداہاں 107

65- تیرے سجدے دی عظمت مصطفیٰؐ جانے خدا جانے 109

66- شبیرؑ شہید ہے کربل دا ہمشیر دی مقتل شامِ 111

67- حالات کربلا کے میں کیسے کروں بیاں 112

68- مینوں قسم حسینؑ دی عظمت دی کیتا زندہ جس اسلامِ 114

69- ظالم پیا ھے خنجر چلیندا شبیرؑ دی دھی ڈیدھی کھڑی ھے 116

70- جس خنجر تلے سجدہ کیتا زہراؑ دے دل دا چینِ 117

71- پُتر رسول دا دیوے صدا 119

72- سر کو سجدے میں شہہ دین کٹا دیتے ہیں 121

73- مقروض دو۲ عالم ھے جس دا کیتا جو اِحسان حُسینؑ 122

74- اسلام دی انج زینبؑ تبلیغ کریندی رہی 124

75- زندہ اے زینبؑ محشر تک تیرا ناں تاریخ اسلام دے وچ 126

76- تُوں دیکھیا نہیں ویرنڑ زینبؑ دا بُرقعہ لاہندا 127

77- زہراؑ دے پاک گھر نوں کس دی نظر لگی ہے 129

78- میں ثانی اے زہراؑ میری چادر نہ لہاؤ 130

79- تکمیل حسینؑ دے مقصد دی جسے نہ کردی ہمشیر اے 131

80- میرے اللہ توں زینبؑ دی عجب قسمت بنائی ہے 132

81- بند اکھیاں نہ کرو کیھ تاں سہی زینبؑ دا سر عریانِ 133

82- سنڑی دھی زہراؑ دی رو رو کے دو وار آذان فجر دی 134

83- آئے شمر دے ہتھ جدوں چادر تک گئی اُس ویلے دی مر زینبؑ 135





84- ہک پاسے ہو ونج شمر شقی مینوں کول حُسینؑ دے آونڑ دے 136

85- محفوظ ہے زینبؑ دے صدقے کائنات دی پردہ داری 137

86- میں چھوڑیا مدینہ غازی تیرے سہارے 139

87- گُل نبیاں دے سردار دی دھی بنڑ قیدی شام بازار گئی 141

88- میرا ویر حُسینؑ جاں قتل ہویا میں ضرباں گنڑ دی رہی نانا 143

89- کعبہ رہے وسدا اللہ زہراؑ دا گھر لُٹوا آئی آں 144

90- ہائے شام دی قید نبھائی ھے زہراؑ دی جائی 146

91- تیری مقتل گاہ وچ آئی کھڑی آں مظلوم بھرا میں زینبؑ ہاں 148

92- چادر نہیں سر کُھلا ہے آ گئی ہے شام ویرنڑ 149

93- لُوٹ لی چادر سرِ زینبؑ سے جب میدان میں 151

94- پئی آندی ویر دی نگری وچ بنڑ زینبؑ فاتح شامِ 152

95- کرو بند اکھیاں میں زینبؑ ہاں کرنا بازار عبور اے 154

96- رُل گئیاں وچ صحرانواں دے دھیاں حیدر کرار دیاں 156

97- منگدی شمر توں زینبؑ رِدائے اِنج دھی علیؑ دی ہوئی غریب 157

98- لُٹ گئی اے چادر نہیں بچیا ویر اے زینبؑ دی قسمت کتنی عجیب 159

99- رنج نہ ہو میرا بھرا بے کفن لاشہ تیرا 160

100- پُرسہ ڈیونڑ آئے ماتمی آئے تیرے روضے تے سیدہ زینبؑ 162

101- چُم کے زینبؑ بھرا دا گل آکھے 163

102- کیوں جُدا کرتا ھے ظالم بھائی سے ہمشیر کو 164

103- توں شہر وسایا بہوں مشکل رہیں پتراں نال آباد اے 166

104- بے ردا زینبؑ کھڑی ہے ظالموں کے درمیاں 167

105۔ نوک سناں تے سر تیرا ہائے میرا غریب ویر 169
106۔ رُک جاتا ماتم زینبؑ کو نہ لے آتے بازاروں میں 170
107۔ اِنج ماتم شبیرؑ دی کر گئی اے زینبؑ ابتداء 172
108۔ سلطان نبیاںؐ دا نانا تیرا دین اسلام بچا آئی 174
109۔ مخدومۂ عالم جب مقتل میں گئی ہوگی 176
110۔ بڑی مجبور تھی زینبؑ شمر سے جب ردا مانگی 178
111۔ ہو قید جو دربار میں مجبور کھڑی ہے 179
112۔ مظلوم کربلا کی عزادار آگئی 181
113۔ ٹرپئی اے شام زینبؑ سجادؑ دے سہارے 183
114۔ زینبؑ بچالیا ھے اسلام دا نظام 185
115۔ ہر کلمہ گوتوں پچھدا تنویرؔ اے سوال اے 187
116۔ کربل میں کیوں ہوئی ہیں جفائیں جواب دو 189
117۔ سجاد توں رہی پچھدی دَس قافلہ سالار اے 191
118۔ میرا امیر ویرن غُربت دی دے صدا نہیں 193
119۔ لُٹ گیا دشت وچ گلشنِ پنجتن 195
120۔ اکیلی رہ گئی بھائی گئے بچھڑ زینبؑ 197
121۔ سجاد دی زندگی مک گئی ہے ہر دکھ گیا صبر دے نال نبھا 199
122۔ رُکدا نہیں آکھیاں توں ہائے خون مہاری دا 201
123۔ ماتم بھرا ادا کر دی گئی شام زہراؑ جائی 203
124۔ سجاد لئی ھے مشکل اے شام دا سفر ہے 205
125۔ ٹر دنیا توں گئے روندے اج فضہ تے سجادِ 207





126۔ سجاد نوں روا گئے رَت شام دے بازار اے 209
127۔ کاش سجادؑ نہ بازار میں آیا ہوتا 211
128۔ سجاد نوں اے منظر نہیں بھلیا زندگی ساری 213
129۔ عابدؑ دی جوانی نوں کھا شام بازار گئے 215
130۔ رب جانے کہیڑی مجبوری بازار سجادؑ نوں لے آئی 217
131۔ روندی سکینہؑ چُم کے زخمی کمر بھرا دی 219
132۔ سجاد بنڑ کے قیدی جد شام شہر آیا 222
133۔ سجاد تے سکینہ زینبؑ تیرے حوالے 224
134۔ ناموس مصطفےٰؐ ہیں اور شام کا سفر ہے 226
135۔ توں حوصلہ کر زینبؑ آکھے میرا پُتر سجادؑ امام 228
136۔ غیور سجاد ہے رَت روندا بازار دیوچ۔ بازار دیوچ 229
137۔ زینبؑ ہے سر برہنہ سجادؑ سارباں ہے 230
138۔ مشہور ہا سارے عرب دے وچ سجادؑ بڑا غیور اے 232
139۔ خاموش ھے سجادؑ جفا دیکھ رہا ہے 234
140۔ حوصلہ دے گا کوئی کیا عابدِ بیمار کو 236
141۔ اسلام پہ جب آئی مصیبت کی گھڑی ہے 237
142۔ اے حسرت دھیاں دی بابا ہک واری وطن تے آویں ہا 239
143۔ مُسلماناں ایں قیدی تے ظلم بے حد وسایا ہے 240
144۔ اے میت ہے موسیٰ کاظم دا جنہوں زہر ظُلم دی کھا گئی اے 241
145۔ ہائے زندگی موسیٰ کاظم دی بغداد دی قید مُکا گئی اے 242
146۔ میرے آقا موسیٰ کاظم نوں آئی، موت وطن توں دور اے 243

147- اے پہلا قیدی ربّ اکبر جدے عجب نصیب بنائے 244
148- وچ قید خانے زندگی نبھا کے دنیا توں ٹریا بابا رضاؑ دا 245
149- زندہ زینبؑ دا راہندا غازی بھرا۔ اے نہ تاریخ کربلا ہوندی 246
150- جہاں میں آئے تھے غازی تو بس وفا کے لئے 247
151- آکھے مُسلم کوئی احسان کرے پہنچا دیوے پیغام میرا 248
152- کلثوم وی زینب دے وانگوں گئی مشکل وقت گزاراے 250
153- میری سنیڑ رباب نے مقتل وچ کیتا وعدہ نال شبیرؑ اے 252
154- مظلوم حسینؑ دی حسرت ہے مینوں سڈ اک وار بھرا غازی 253
155- چھڈ کے حبش دی شاہی جھڑی مدینے آئی۔ فضہ ہے اُس دا نامِ 254
156- ہائے طوس شہر وچ دنیا توں اج ٹریا پاک رضاؑ اے 256
157- دیو پُرسہ شام دے قیدی نوں ادے پُتر محمدؑ باقرؑ دا 257
158- خالق توں منگیا اکبرؑ حسینؑ روضے نبی تے کر کے دعا اے 258
159- فریاد اے زینبؑ دی آوے میرے ویرنوں یارب حوصلہ دے 259
160- عاشور کی شب ڈھلتی ہے ہونے کو سحر ہے 260
161- اس گھر میں محمد ﷺ آتے تھے دروازے پہ رک جاتے تھے 262
162- میرا ویر حسینؑ قتل ہویا میں ضرباں گندی رہی نانا 263




# انتساب

جناب امام علی ابن الحسینؑ سید الساجدین
اور سیدہ زینبؑ سلام اللہ علیہا و مخدراتِ عصمت
کے نام۔۔۔ جن کی اسیری و تشہیر دین اسلام
اور شہادت امام حسینؑ علیہ السلام کی بقا بن گئی۔

سید ضمیر الحسن تنویر

# پہلی بات

حصہ اول سال 2000ء میں جناب عزت مآب فراست علی بٹ صاحب کی تحریک اور معاونت سے شائع ہوئی۔ جملہ مومنین اور ماتمی دستوں نے خصوصی طور پر پسند کیا۔ اس کے حسب معمول نوحہ جات کی تصنیف جاری رہی۔ دوست احباب نے حصہ دوم مرتب کرنے کا مشورہ دیا۔ کچھ دوستوں کا اصرار تھا کہ جو نوحہ زیارت تابوت امام زین العابدین زیر انتظام انجمن غلامان سید الساجدین محلہ شیعان اندرون موچی دروازہ لاہور 24اور 25 محرم کی درمیانی شب گذشتہ 25 سال میں پڑھے گئے وہ تمام یکجا کر دیئے جائیں۔ جس کی تعمیل کتاب ھٰذا میں کی گئی ہے۔

گزشتہ محرم میں ڈاکٹر ذوالفقار علی صاحب آئے تھے۔ صدائے غم حصہ اول کا تذکرہ ہوا انہوں نے فرمایا کہ آپ نے اس کے بعد کافی نوحے تصنیف کئے ہیں اس لئے حصہ دوم ترتیب دیا جانا چاہیے۔ آپ مجھے نوحہ جات کا مسودہ لاہور بھیج دیں میں اس کی اشاعت میں ہر ممکن مدد کروں گا۔

لہٰذا ڈاکٹر صاحب موصوف نے کتاب ھٰذا کی ترتیب سے اشاعت تک تمام مراحل میں معاونت فرمائی۔ نوحہ جات پر میرا تبصرہ مناسب نہیں لگتا۔ یہ ناظرین پر چھوڑتا ہوں۔

قارئین کرام!

میں ڈاکٹر ذوالفقار علی صاحب کی اس کاوش و اعانت کا شکر گزار ہوں۔

خداوند عالم بطفیل محمدؐ وآل محمدؑ انہیں اس کا اجر دیگا۔ ان کی صحت وسلامتی کے لئے دعا گو ہوں۔

میں تمام محترم ہستیوں کا جنھوں نے کمال مہربانی سے میری کتاب پر تقاریظ فرمائی ہیں کا بے حد مشکور ہوں۔

سید ضمیر الحسن تنویرؔ



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## تقریظ

صدائے غم حصہ دوم از سید ضمیر الحسن تنویرؔ کی ماتمی نوحہ جات پر مشتمل کتاب کا مسودہ میرے سامنے ہے۔ اس سے پہلے حصہ اول پڑھنے کا بھی شرف حاصل ہوا۔ حصہ اول 2000ء میں منصۂ شہود پر آیا اور اب 2011ء میں حصہ دوم منظر عام پر آنے کو ہے۔ قبلہ شاہ صاحب ایک عرصہ سے اردو اور پنجابی کے نوحے لکھ رہے ہیں اور آپ کی شاعری پر تاثیر اور مقبول عام ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہی عطائے محمدؐ وآل محمدؐ کی دلیل ہے کہ وہ جسے چاہیں یہ شرف عطا کر دیں۔

آپ نے دوران ملازمت ایک عرصہ لاہور میں گزارا۔ لاہور میں شعر وسخن کے حوالے سے آپ کا ربط وتعلق مومنین موچی دروازہ سے رہا۔

موچی دروازہ خصوصاً محلّہ شیعان لاہور بلا شبہ عزاداری سید الشہدا کا ایک بڑا مرکز ہے۔ اسی دور میں آپ نے لاہور کے مشہور مرثیہ گو شعراء اور مرثیہ خوان حضرات کی محافل میں اپنے فن کو ترویج اور ترقی دی۔ اب جب کہ آپ اپنے آبائی علاقے خوشاب میں قیام پذیر ہیں۔ لیکن لاہور سے آپ کی نسبت آج بھی قائم ہے۔ اور موچی دروازہ لاہور میں 24 اور 25 محرم الحرام کی درمیانی شب شہادت امام سجاد علیہ السلام کے موقع پر عظیم اجتماع میں 1985ء سے آپ کا نوحہ مسلسل پڑھا جا رہا ہے۔ جو کہ بلا شبہ ایک منفرد اعزاز ہے۔

میں جب آپ کے کلام پر نظر کرتا ہوں تو بحیثیت طالب علم اور ادنیٰ ذاکر کربلا مجھے پوری تاریخ اسلام اور واقعات کربلا ایک نئے زاویے سے شناسائی ہو جاتی ہے۔ آپ نے نوحے کو مکمل تاریخی اور واقعاتی تسلسل سے لکھا

ہے اور کہیں پر بھی تاریخی شہادت اور روایات سے نہیں ہٹے۔ گویا آپ نے غم کربلا کا پورا تاریخی پس منظر بیان کر دیا ہے۔ اردو اصناف شاعری میں نوحہ ایک منفرد صنفِ سخن ہے اور اس کے لئے ایک مخصوص درد، سوز اور شعری شعور کی ضرورت ہوتی ہے۔ ضمیر الحسن تنویر اردو و پنجابی دونوں زبانوں میں اپنے مخصوص انداز بیان کا مکمل عکاس ہے۔

آپ کی شاعری میں اپنے خیال کے مطابق جو انفرادیت مجھے نظر آئی وہ یہ ہے کہ آپ کے ہاں تاریخ۔ واقعات درد و غم اور زاویہ فکر و مقصدیت ایک ساتھ نظر آتے ہیں۔ آپ کا انداز سادہ، زبان سلیس اور الفاظ دلکش ہیں۔ نوحہ کربلا لکھتے ہوئے جس قسم کا انداز بیان اور اسلوب چاہیے وہ آپ کے ہاں نظر آتا ہے۔ آپ جب کسی نوحے کو پڑھتے ہیں تو بالعموم ایک ہی نوحے میں آپ کے سامنے درد و غم کے سارے عناصر آ جاتے ہیں۔ اور آپ بے ساختہ غم حسینؑ میں محو ہو جاتے ہیں۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ جب یہی نوحے ماتمی حلقوں میں پڑھے جائیں گے تو غم والم کی کیا کیفیت ہوگی۔

اگر آپ کے چیدہ چیدہ اشعار کو بطور حوالہ پیش کرنا چاہیں تو اس کے لئے بہت صفحات درکار ہیں اور انتخاب بھی مشکل ہے۔ آخر میں ہم یہی کہنا چاہیں گے کہ ہمارے لئے یہی امر باعث عزت ہے کہ قبلہ بزرگوار کے کلام پر یہ چند سطور لکھنے کا اعزاز حاصل ہوا ہے۔ قبلہ صاحب سے التماس ہے ہمیں بھی اپنی دعاؤں میں شریک رکھیں۔

خدائے لم یزل بطفیل مولا مظلوم کربلا آپ کی توفیقات میں اضافہ فرمائے۔ آمین۔ طالب دعا۔

ذاکر آل اطہار پروفیسر سید عقیل عباس شیرازی
شعبہ اردو گورنمنٹ انبالہ مسلم کالج سرگودھا



# تقریظ

سید ضمیر الحسن تنویر کا نوحوں پر مشتمل کتاب کا مسودہ اظہار خیال کے لئے میرے سامنے ہے۔ زبان حال سے سید الشہدا حضرت امام حسینؑ علیہ السلام اور ان کے اعزا و انصار کے مصائب کی منہ بولتی تصویر پیش کرتے نظر آتے ہیں۔ تنویر طبعاً شاعر ہیں۔ انہیں جناب قیصر بارھوی مرحوم، مغفور کی صحبت میسر رہی ہے۔ وہ ان سے استفادہ بھی کرتے رہے ہیں۔

محبت، مودت اہل بیت نبوی سے ان کا دامن مالا مال ہے۔ ذکر کربلا سے ان کے خیالات کو مہمیز ملتی ہے۔ انہیں جس بات نے نوحہ گری پر مجبور کیا دراصل وہ نواسۂ رسول جگر گوشۂ بتول حضرت امام حسینؑ کے ساتھ ان کی والہانہ عقیدت ہے۔ ان کے لئے حیرت اور صدمے کی بات یہ ہے کہ اس عہد کے مسلمان جو امام حسینؑ سے جناب رسول خدا کی محبت اور ان کی عظمت کے بارے میں آپ کے ارشادات سے آگاہ تھے۔ انہوں نے کس طرح امام حسینؑ علیہ السلام اور ان کے اعزا و انصار کو تہہِ تیغ کیا اور مخدرات عصمت کو قید کر کے شہر ہائے شہر پھرایا۔ یہ بات ان کے دل پر ایک ایسا زخم لگا گئی جو نوحہ کی صورت میں انہیں شاعری کی راہ پر لے آئی۔ اور دیگر کسی صنف میں شاعری نہ کی۔

ان کے کلام میں ایک فطری بہاؤ ہے۔ ایسا بہاؤ جو کسی جوان کی موت پر عزیزان کی آنکھوں سے آنسوؤں کے دھارے کی صورت میں بہتا دکھائی دیتا ہے۔

مسودے میں املا کی غلطیاں ہیں یا کہیں کہیں کوئی شعری سقم ہے۔ میرے خیال میں نوحے کے لئے عروض و واقفیت اور بحر کی پابندی کچھ ایسی ضروری بھی نہیں۔ کسی کا کوئی عزیز مر جائے تو کیا وہ بین کے لئے کسی خاص بحر یا وزن کا سہارا لے گا۔ ہر گز نہیں۔ تنویر شاعری کے لوازمات سے آگاہ ہیں البتہ ان کا انداز

والہانہ اور فطری ہے۔ ان کے پنجابی زبان میں نوحے بلند شان رکھتے ہیں اور ان سے پنجابی زبان سمجھنے والے حضرات لطف اٹھاتے ہیں۔ مادری زبان میں وہ اپنے دلی جذبات کا اظہار نہایت خوبصورت انداز میں کرتے ہیں۔ پنجابی زبان کی باریکیاں نوحے میں صحیح طور پر اجاگر ہوتی ہیں۔

اردو نوحہ نگاری میں اختر چنیوٹی اور محمد علی سمشی کے نام سنہری حروف میں لکھے گئے ہیں۔ ان کا ہم پلہ ابھی کوئی پیدا نہیں ہوا۔ ان کا کلام جامع اور مختصر ہے صرف نوحے لکھے ہیں تعداد میں زیادہ نہیں لیکن نوحے کے معیار کو بلند رکھا ہے۔ میں تنویر کا ان سے مقابلہ نہیں کر رہا۔ تنویر کا انداز خالصتاً عوامی ہے۔

ماتمی سنگتوں اور ماتم داری کی ضرورتوں کا خیال رکھتے ہوئے نوحے لکھتے ہیں۔ اس میں انہیں پذیرائی اور کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ ان کے لکھے ہوئے نوحے دور دور تک محرم کے دنوں میں نوحہ خوان حضرات پڑھتے اور فروغ عزاداری کا فریضہ انجام دیتے ہیں۔ نوحہ لکھنے کا اگر یہی مقصد ہے تو سید ضمیر الحسن تنویر اس میں نہایت ممتاز اور نامور ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول و منظور فرمائے۔ اہلبیت اطہار سے مودت کی رسی کو انہوں نے مضبوطی سے تھام رکھا ہے۔ قیامت کے دن ان کی سرخروئی کے لئے یہی کافی ہے۔

مذکورہ مسودہ میں ان کے فرزند سید حسن عقیل ایڈوکیٹ کے کچھ نوحے شامل ہیں۔ ان کی محنت قابل داد ہے۔ امید ہے وہ نوحہ نگاری میں مزید محنت جاری رکھیں گے۔ اللہ کرے زور قلم اور زیادہ۔

دعا گو

راجہ مظفر منصور

ریٹائرڈ پروفیسر شعبہ اردو

جوہر آباد خوشاب



# صدائے غم حصہ دوم

## میری نظر میں

میرا تعلق سادات کے آستانے اور خصوصاً ضمیر الحسن تنویر کے نوحے سننے سے بچپن سے ہے۔ ایام محرم منانا، مجالس، ماتم داری اور نوحہ خوانی کا سکون جو اس در سے ملا، مجھے کہیں سے نہ ملا۔ ساری دنیا گھومنے کے بعد بھی جب ایام غم آتے ہیں تو تنویر صاحب کے نوحے سننے خوشاب کھنچا چلا آتا ہوں۔

میرے دل سے دعا نکلتی ہے کہ جس طرح سے بی بی زینبؑ نے غم منانے کی صدا دی تھی اور تنویر صاحب یہ ڈیوٹی نبھا رہے ہیں شاید ہی کوئی مومن اتنی دلجمعی سے ایسا کام کر سکے۔ جو تخیلات ان کے ذہن میں آتے ہیں اُن کو الفاظ کی شکل دینا اور پھر نوحے میں اس طرح سے ترتیب دینا کہ پذیرائی ساری دنیا سے ملے۔ اس گوہر نایاب کا نام ضمیر الحسن تنویر ہے۔

صدائے غم کا پہلا حصہ چھپا تو بعد میں بہت سے نوحے اور جمع ہو گئے۔ میں نے تنویر صاحب سے گزارش کی کہ یہ سعادت مجھے دیں کہ میں حصہ دوم کے چھاپنے میں مدد دے سکوں تاکہ تنویر صاحب کے دل کی آواز کو جو الفاظ دیے گئے ہیں اُن کو ہمیشہ کے لیے امر کر دیا جائے۔ میں ضمیر الحسن تنویر صاحب کا تہہ دل سے مشکور ہوں کہ انہوں نے یہ سعادت مجھے دی۔ میں ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا گو ہوں۔ اپنے بڑے بھائیوں چوہدری بہار علی اور کوثر حسین جعفری کی رہنمائی کا بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس حصہ کی پروف ریڈنگ اور چھاپنے میں حوصلہ افزائی فرمائی۔

حصہ دوم کے مکمل کرنے کا کام تنویر صاحب نے اپنی زندگی میں میرے ذمہ

لگایا۔ بڑی کوشش کے باوجود یہ مکمل نہ ہوسکا اور تنویر صاحب 12 مئی 2011ء کو اپنی آخری منزل کی جانب چلے گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

اب میں اور میرے بھائی امام زین العابدینؑ کی اس دعا کے ساتھ اُن کی بلندیٔ درجات کے لیے ہمیشہ دعا گو رہیں گے۔

اے اللہ محمد ﷺ اور ان کی آل پر رحمت فرما جس طرح تو نے اُن کے وسیلہ سے ہماری ہدایت فرمائی ہے۔ تو محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل کر۔ ایسی رحمت جو قیامت کے روز اور تجھ سے احتیاج کے دن ہماری سفارش کرے اس لیے کہ تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور یہ امر تیرے لیے سہل و آسان ہے۔

آمین

پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی
پنجاب یونیورسٹی، لاہور۔



# تاثر

یہ چند الفاظ جو میں تحریر کر رہا ہوں اس کتاب کا حصہ نہ تھے۔ وقت اور حالات نے مجبور کیا اور میں رہ نہ سکا۔ کچھ حقائق جو اس کتاب ''صدائے غم'' (حصہ دوم) کے متعلق ہیں اور وہ پہلو جو شاعرِ اہلبیتؑ سید ضمیر الحسن تنویر مرحوم کی شخصیت کے متعلق ہیں ان کا محل نظر ضروری ہے۔ صدائے غم حصہ اول اور اب صدائے غم حصہ دوم تنویر شاہ صاحب کی تصنیف ہے جو اُن کے منتخب نوحہ جات پر مشتمل ہے۔ یہ نام نوحہ خوانی کی دنیا ہو یا اہلبیتؑ کے مصائب لکھنے یا پڑھنے والوں کے لیے نیا نہیں ہے۔ تنویر شاہ صاحب کے نام سے مشہور شاہ صاحب نے تقریباً 53 سال تک کربلا والوں کے مصائب اردو، پنجابی اور سرائیکی زبان میں تحریر کیے جن کو محمدؐ و آلِ محمدؐ کے کرم سے بے حد پذیرائی حاصل ہوئی۔ تنویر شاہ صاحب محمدؐ و آلِ محمدؐ کے فضائل و مصائب پر گہری اور متاثر کن بصیرت رکھتے تھے۔

مخدومۂ عالم جب مقتل میں گئی ہوگی
تعظیم میں بی بی کے ہر لاش اُٹھی ہوگی

بازو تھے بندھے پُشت پہ زینبؑ کے رسن سے
غازی کی طرح اُتری پھر کیسے اُٹھی ہوگی

اُن کے نوحے کے اشعار ہیں جن سے اُن کی واقعۂ کربلا کی نسبت تفکر کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ مرحوم کی شاعری کے متعلق میں اور کیا بیان کروں چھوٹا منہ اور بڑی بات ہوگی۔ میں ادبی لحاظ سے کوئی ناقد نہیں شاعری کے طالب علم کی

حیثیت سے اگر ان کی شاعری کا بغور مطالعہ کیا جائے تو ان کی شاعری کی ایک خصوصیت شروع سے آخر تک واضح طور پر نظر آئے گی وہ یہ ہے کہ شاعری کی اس صنف نوحہ میں زیادہ سے زیادہ مصائب لکھنے کی کوشش کرتے رہے۔ ویسے تو تمام اہلبیتؑ وشہیدانِ کربلا کا تذکرہ اُن کی شاعری میں موجود ہے لیکن ان کے کلام میں زیادہ تر نوحے جنابِ سیدہ زینب سلام اللہ علیہا اور امام سجاد علیہ السلام کے مصائب پر مشتمل ہیں۔

قسمت دے بدل یا رب احمدؐ نے کہا ہوگا
کاتب نے جو زینبؑ کی تقدیر لکھی ہوگی

تنویرؔ حشر تک نہ کوئی روک سکے گا
ماتم کی جو زینبؑ نے یہ بنیاد رکھی ہے

پچھلے چند سالوں سے نوحہ خواں پارٹی سید مجاہد حسین شاہ صاحب آف خوشاب جو کہ مرحوم ومغفور کی اپنی نوحہ خواں پارٹی ہے جس میں سید ظفر عباس شاہ مرحوم، حافظ محمد عزیز مرحوم اور شاہ صاحب خود بھی نوحہ خوانی کرتے رہے۔ ان کے اصرار پر شہزادہ علی اکبر علیہ السلام کے نوحے اور وینٹر بھی تحریر کیے جن کو خاصی پذیرائی حاصل ہوئی۔

خالق توں منگیا اکبرؑ حسینؑ روضے نبیؐ تے کر کے دُعا اے
نانے محمدؐ دی تصویر ہووے تک چہرہ جس دامینوں چین آئے

ایک اور خوبصورت کلام

اے فخرِ یوسفؑ میرا سوہنا اکبرؑ مُک گئی جوانی تیری موت نالِ
توں سڈیا میکوں پیا کیویں آندا آ ویکھ بچڑا بابے دا حالِ

پھر وہ لمحہ آ گیا کربلا والوں نے کہا ہوگا کہ ہمارے مصائب بیان کرنے کا حق تو ادا نہیں ہو سکتا لیکن تنویرؔ شاہ صاحب کے مصائب بیان کرنے کا حصہ دنیا کی حد تک مکمل ہو گیا ہے مندرجہ بالا کلام تنویر شاہ صاحب کے آخری نوحہ جات



میں سے ہے۔ مورخہ 12 مئی 2011ء 8۔ جمادی الثانی بروز جمعرات بوقت 4 بجے شام اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔

اِنَّا لِلّٰہِ و اِنَّا اِلَیہِ رَاجِعُون۔

تنویرؔ شاہ صاحب کی شاعری تو سب کے سامنے ہے، ان کی شخصیت کے چند پہلو بیٹا ہونے کی حیثیت سے اور بطور انسان جو کچھ محسوس کیا ہے قارئین سے ذکر نہ کرنا زیادتی ہوگی۔

مرحوم کی شخصیت بطور والد انتہائی شفیق تھی جو اپنی اولاد کے ساتھ انتہائی اُنس رکھتے تھے جو فطری ہے جبکہ خوشاب اور لاہور عزیز داروں میں ہر دل عزیز تھے۔ دوست احباب چھوٹے بڑے تمام اُن کی شخصیت میں سادگی اور صاف گوئی کو بہت پسند کرتے تھے۔ خوشاب، لاہور اور راولپنڈی میں ان کے زیادہ تر تعلقات اور دوست احباب تھے یہ تمام افراد اس بات کو بخوبی جانتے ہیں اور آج تک کسی شخص سے کسی قسم کا تنازعہ نہ رہا۔ اُن کی وفات سے تمام احباب کو یوں محسوس ہوا کہ اُن کے اپنے خاندان کا کوئی فرد ان سے جدا ہو گیا ہے اور یہ تمام افراد شاہ صاحب کی وفات کے بعد اُن کی محبت کے پیش نظر مجھ سے اکثر وبیش تر رابطہ رکھتے ہیں جس کے لیے اُن کا شکر گزار ہوں۔ شخصیت کے حوالے سے ایک اور خاص بات جو ان میں نمایاں تھی کہ بطور والد بزرگوار وہ مشکل حالات میں انتہائی صبر اور حوصلے سے کام لیتے یہ بات ان میں کمال کی حد تک تھی اور جو بھی ان سے اپنی تکلیف اور پریشانی کا ذکر کرتا اس کو بھی صبر وحوصلہ رکھنے کی تلقین و نصیحت کرتے تھے۔ یقین کریں میں نے اپنی زندگی میں اتنا صابر وشاکر شخص نہیں دیکھا۔ اور زندگی کے آخری لمحات تک جب میں ان کو ہسپتال لے گیا تب بھی وہ کہتے رہے مجھے کچھ نہیں ہوا اُلٹا مجھے حوصلہ دیتے رہے۔

یہاں یہ بات نہ کہوں تو مجھے تکلیف ہوگی کہ جن ہستیوں کا ذکر انہوں نے تمام زندگی کیا اُن کے مصائب بیان کیئے یہ بات شاہ صاحب مرحوم نے کربلا

والوں سے ہی سیکھی ہوگی اور آخری وقت تک نہیں گھبرائے شاید حسینی اسی طرح اس دنیا سے رخصت ہوتے ہیں۔ طبیعت کی خرابی کی وجہ سے کم باہر آتے جاتے تھے کتابوں کا مطالعہ مجالس سننا اور اگر کوئی نئی چیز یا نیا تخیل لکھتے تو مجھے دکھاتے اور مجھ سے اس کے بارے (DISCUSS) کرتے چونکہ مجھے بھی اُن کی صحبت میں نوحہ لکھنے کا شوق پیدا ہوا۔ میں جب بھی کوئی نوحہ لکھتا تو شاہ صاحب سے اصلاح کرواتا۔ میرے علاوہ شاعر اہلبیت جعفر عباس آف لاہور۔ حسن رضا آف لاہور۔ جعفر عباس اعوان آف خوشاب، بشارت حسین، آف راولپنڈی اور دیگر شعرا نوحہ کی شاعری میں شاہ صاحب کو آئیڈیل مانتے تھے اور اکثر و بیشتر اُن سے مشاورت و اصلاح کراتے رہتے تھے۔

آخر میں ڈاکٹر ذوالفقار علی صاحب کا اس کتاب کے حوالے سے اُنکی محنت اور کاوش کا خصوصی شکریہ ادا کرتا ہوں شاہ صاحب بھی ڈاکٹر صاحب کے لیے ہر وقت دعا گو رہتے تھے۔ مولا انہیں سلامت رکھے اور ترقی عطا فرمائے اور اجر عظیم عطا فرمائے جنہوں نے انتہائی شوق سے بے حد مصروفیات کے باوجود صدائے غم حصہ دوم کی اشاعت کا تمام عمل پورا کیا۔ صدائے غم حصہ دوم کی اشاعت سے قبل آخری پروف ریڈنگ کے لیے ڈاکٹر صاحب نے کتاب جوہرآباد بھجوائی تھی جس پر شاہ صاحب نے خرابی صحت کی وجہ سے کہا کہ تم میرے ساتھ بیٹھنا ملکر یہ کام کریں گے لیکن صد افسوس اُن کی زندگی نے وفا نہ کی۔ اس عمل کی تکمیل میں میرے قریبی دوست اور برادرم غلام علی جوئیہ نے بھی میرا بھرپور ساتھ دیا جس کے لیے میں ان کا ممنون ہوں اور ان کے لیے دعا گو ہوں کہ مولا پنجتن پاکؑ ان کی توفیقات خیر میں اضافہ فرمائے۔ افریضہ کی انجام دہی میں کوئی غلطی ہوگئی ہو تو قارئین سے معذرت خواہ ہوں۔

انشاءاللہ مجھے یقین ہے کہ والد محترم کا یہ خلوص اور عقیدت بھرا نذرانہ دربار



آل محمد ﷺ میں قبول ہوگا اور اُن کے لیے توشۂ آخرت اور نجات کا سبب ہوگا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ کربلا والے کسی کا اُدھار نہیں رکھتے اور والد محترم نوحہ جات کے اشعار کے ذریعے مومنین میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔

یہی آخری دُعا ہے کہ اُن کی یہ کاوش خداوند عالم صدقہ محمد ﷺ و آل محمد ﷺ اپنی بارگاہ میں قبول اور منظور فرمائے مولا اُن کے درجات بلند فرمائے قبر منور فرمائے اور مجھے بھی اُن کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

لے کے غمِ شبیرؑ کا مشکور رہوں خالق تیرا
زندگی میں دے دیا تم نے صلہ تنویر کو

التماس سورۃ فاتحہ برائے شاعر اہلبیتؑ
سید ضمیر الحسن تنویر مرحوم و زوجہ مرحومہ

دعا گو!
سید حسن عقیل ایڈووکیٹ

# نوحہ

مُسلم ذرا تُو سن لے حالات شاہ زمن کے
بلبل سے پوچھ کیوں کر بکھرے ہیں گل چمن کے

گلزارِ اِنَّما کو اُمت نے کیسے لوٹا
جب خاک و خوں میں مل گئے گلہائے پنجتن کے

گرمی سے کربلا میں کملا گئے ہیں کیونکر
دنیا سے تھے نرالے سب پھول یہ عدن کے

یہ گلشن محمدؐ جب دوپہر میں اُجڑا
رتبے بلند ہوئے ہیں کرب و بلا کے بن کے

ہاتھوں سے دِل کو تھامے شبیرؑ آئے خیمے
فدیہ دیئے ہیں شاہ نے یہ پھول دو بہن کے

اکبرؑ کو دیکھا بن میں شاہ نے کہا اے خالق
برچھی نکالوں کیسے سینہ سے گلبدن کے

تیرِ ستم سے اصغر جس دم ہوئے تھے بے دم
شاہ نے گلے کو چوما اُس غنچہءِ دہن کے

قاسم کا کس طرح سے شاہ نے اُٹھایا لاشہ
چادر بچھا کے بن میں ٹکڑے چُنے بدن کے



سجادؑ نامور کو بعد از پدر کے کیونکر
طوق و زنجیر لوگو زیور تھے خستہ تن کے

بے مقنع قید کر کے در در پھرائے اُمت
تطہیر کے یہ مالک لائق نہ تھے رَسن کے

جن کے لئے پوشاکیں جنت سے لائیں رضواں
خائفؔ وہ کربلا میں محتاج ہیں کفن کے

ازقلم سید صفدر علیشاہ خائفؔ (مرحومؒ) خوشاب
استادِ محترم۔سید ضمیرالحسن تنویر

# نوحہ

مجبوری کوئی بنڑ گئی اے ٹری دیگر ویلے آلِ عبا
تیرا شہر رہے وسدا نانا مظلوم دی منزل کرب و بلا

میں وطن تے واپس نہیں ولناں میریاں بھینڑاں جنگلاں وچ رُلناں
تیری قبر تے دیوا بالنڑ لئی میں چھوڑی ویندا دھی صغراؑ

جہیڑی بابے توں رہی شرماندی او قبر نبیؐ تے پئی آندی
زینبؑ دے آونڑ توں پہلے دے ویر عباسؑ چراغ بُجھا

غازی نوں سڈ کے ہک پاسے چُم بازو اُم البنین آکھے
میںوں شرم نہ آوے زہراؑ توں انج کرنی توں عباسؑ وفا

رویا ویکھ کے منظر سبطِ نبیؐ ٹُری گھر وچوں جسدم بنت علیؑ
جاں قدم زینبؑ دا باہر آیا عباسؑ نے پڑھیا بسم اللہ

تیری سُنت میں پوری کرساں توڑے شام دے راہنواں وچ مرساں
گل لایا قبر بتول نوں جاں غش کر گئی زینبؑ وقتِ وداع

جاں وطن توں ٹرسو بھینڑ بھرا اے بقیعہ چھوڑ ویسی زہراؑ
تیرے نال ویساں درباراں وچ کر حوصلہ زینبؑ نہ گھبرا

شبیرؑ آکھے سنڑ میرے خدا محفوظ رہے زینبؑ دی ردا
تنویرؔ حسین دی زندگی دی رہی منگدی اُجڑی بھینڑ دُعا



# نوحہ

گل لا کے قبر محمدؐ دی آکھے پاک بتول دا جایا ہے
دیواں چھوڑ وطن یا بیعت کراں پیغام اے شام توں آیا ہے

کر فکر نہ توں لج پال ویرنڑ میں ویساں تیرے نال ویرنڑ
تیرے ہر دُکھ وچ میرا ادھ ہوسیں زینبؑ نے رو فرمایا ہے

عباسؑ دے آسرے تے نانا پئی زینبؑ وطن توں ٹردی اے
کرو آپ دُعا رہے قائم سدا عباسؑ دے علم دا سایا ہے

پہلی شام (28) اٹھاوی رجب آئی۔ دوئی شام آئی شام غریباں نوں
تریجھی شام آئی جس شام دیوچ سجادؑ نوں خون روایا ہے

عباسؑ اکبرؑ تساں ٹھہر ونجون میںوں اُٹھ تے آپ سوار کرئے
میرا ساتھی شام دے سفراں دا سجادؑ نوں کول بُلایا ہے

آئی ہر مقتول دی لاش خیمے منہ ویکھے وارثاں وینڑ کیتے
زینبؑ دے عون ، محمدؑ دا نہیں لاشہ خیمے آیا ہے

میرا صبر توں ویکھ حُسینؑ بھرا، آ گئی ھے میری مقتل گاہ
بازار جانے تے میں جاناں توڑے ویرنڑ دیس پرایا ہے

بازار دی بھیڑ تے تنگ گلیاں، عباسؑ دی بھینڑ تے ہتھ رسیاں
تنویرؔ کیویں دربار تائیں ٹر زینبؑ سفر نبھایا ہے

# نوحہ

چھوڑتا ہوں میں وطن دیں کو بچانے کے لئے
جو کیا وعدہ ازل میں وہ نبھانے کے لئے

آ گیا وہ دن بھی شدت سے تھا جس کا انتظار
بیٹھی ہے تیار زینبؑ ساتھ جانے کے لئے

ہو گئیں نانا مکمل سب میری قُربانیاں
آ گیا دنیا میں اصغر تیر کھانے کے لئے

کر دیا مجبور مجھ کو کرنے آیا ہوں سلام
جا رہا ہوں کر بلا واپس نہ آنے کے لئے

کب یہ دل چاہے لحد ہو مصطفیٰؐ کی بے چراغ
پاک صُغرا ہے دیا شب کو جلانے کے لئے

کانپتے ہیں سارے اِنسان موت کی دہلیز پر
دِل علیؑ اصغرؑ کا چاہیے مسکرانے کے لئے

آسماں مثلِ کماں دشتِ بلا پر جھک گیا
جب جُھکے شاہ لاشۂ اکبرؑ اٹھانے کے لئے

خونِ اصغر نے منافق کر دیئے سب بے نقاب
آئینہ موجود ہے ظالم زمانے کے لئے



موت کی آغوش میں سوئے شبیہِ مصطفیٰؐ
سوچتی ماں رہ گئی دُولھا بنانے کے لئے

ڈرتی ہے زینبؑ ابھی تک خون روتا ہے سجادؑ
پھر کوئی اس کو نہ کہہ دے شام جانے کے لئے

ڈھل گیا عاشور کا دن چھا گئی تنویر رات
آگ لائے ہیں شقی خیمے جلانے کے لئے

# نوحہ

کس طرح چھوڑا وطن پوچھے کوئی شبیرؑ سے
روتے ہیں لگ کے گلے شاہ زینبؑ دلگیر سے

الوداع امّاں مدینے پھر نہ آؤنگا کبھی
بیکسی سے جا رہا ہوں نانا کی جاگیر سے

جائے گا بیٹا جہاں بھی ماں رہے گی ساتھ ساتھ
سر کٹے گا گود مادر میں مگر شمشیر سے

دین پہ قرباں کرونگا گلشن زہرا کے پھول
مارا جائے گا کوئی نیزہ سے کوئی تیر سے

چند قطرے خوں کے نکلے تیر حُرمل جب لگا
ہو گیا پیوست اصغرؑ بازوئے شبیرؑ سے

ہے دُعا اللہ سے اکبرؑ جواں کی خیر ہو
ملتا ہے مجھ کو سکوں نانا کی اِس تصویر سے

قافلے کو روک کر ہاتھوں کی رسیاں کھول دو
مل تو لینے دو ذرا زینبؑ کو تم شبیرؑ سے

فاطمہ کی شیر دل بیٹی تجھے لاکھوں سلام
زندہ ہے شبیرؑ تیرے خُطبوں کی تاثیر سے



کُھل نہ جائے راز کہ دراصل قاتل کون ہیں .
روکتے ہو اِس لئے تم ماتمِ شبیرؑ سے

انبیاء حیران ہیں اصغر کے تیور دیکھ کر
کیا خدا جانے ہے ماں نے کہہ دیا بے شیر سے

خوں بھرا بیٹے کا کُرتا لائیں گی جب فاطمہ
ابتداء محشر کی ہو گی ماتمِ شبیرؑ سے

چھینتا کیسے کوئی توقیر زینبؑ کی رِدا
ہاتھ عابدؑ کے بندھے ہوتے نہ گر زنجیر سے

# نوحہ

کاش کوئی پوچھتا یہ مالکِ تقدیر سے
دین بچ سکتا نہ تھا کیا سجدۂ شبیرؑ سے

فاطمہؑ کی گود میں دونوں بہن بھائی پلے
صبر کی منزل میں زینبؑ کم نہیں شبیرؑ سے

کہتے ہیں بیعت کروں یا چھوڑ دوں تربت تیری
جا رہا ہوں دُور نانا آپ کی جاگیر سے

چین پایا باپ کی آغوش میں ہو کر شہید
بجھ گئی ہے پیاس اس کی حُرملہ کے تیر سے

جب خیال آتا ہے اصغر کا تو کہتی ہے رباب
سنگدل حرمل کو کیا تھی دشمنی بے شیر سے

قتل کر ڈالا جسے اکبرؑ سمجھ کر بے گناہ
دشمنی دراصل تھی دل میں اِسی تصویر سے

روزِ عاشورہ کو ہوتے کرتے اپنی جاں فدا
ماتمی کرتے ہیں ماتم اس لئے زنجیر سے



میرے عابدؑ کو بچانا کوفہ کے دربار میں
وقتِ رُخصت آخری شاہ نے کہا ہمشیر سے

مارا سجدے میں نہیں تنویرؔ اک شبیرؑ کو
کٹ گئے پانچوں گلے اُس شمر کی شمشیر سے

# نوحہ

یا ربّ نہ کوئی نکلے مجبور ہو کے گھر سے
میں جا رہا ہوں جیسے نانا تیرے شہر سے

وعدہ وفا کرونگا بچپن میں جو کیا تھا
عابدؑ ہی بچ سکے گا اِس موت کے سفر سے

نانا تیری زیارت اب کربلا میں ہوگی
قبرِ نبیؐ کو دیکھا حسرت بھری نظر سے

زینبؑ بقیع میں جا کر کرتی رہی دعائیں
امّاں تمہاری چادر اُترے نہ میرے سر سے

اکبرؑ نے دم ہے توڑا آغوش میں پدر کے
ہٹتی نہیں نگاہیں کیوں چہرہ پسر سے

مارے تھے تازیانے ظالم نے جو سفر میں
رِستا ہے خون اب تک سجادؑ کی کمر سے

افسوس مر کے نکلی زندان سے سکینہ
سہمی ہوئی تھی بی بی ظالم شمر کے ڈر سے



مٹی میں مل گیا ہے کیسے شبابِ اکبرؑ
کچھ بھی نہ کہنا بابا صُغرا کے نامہ بر سے

تنویرؔ غم ہے تازہ مظلوم کا یہ اب تک
عابدؑ کے آنسوؤں اور آہوں کے اثر سے

# نوحہ

پیا ٹُردائے وطن توں قافلے نوں کر کے تقسیم شبیر اے
میں خنجر تلے سجدہ کرنا ہو سیس زینبؑ بھیڑ اسیر اے

رویا غازی نجف دو منہ کر کے اے حُکم حسینؑ دا جاں سڑیا
کربل دے پاک شہیداں وچ کر نام اصغرؑ تحریر اے

میں نانا جا کے کربل وچ تیرے سارے قرض ادا کرساں
جہیڑا خواب خلیل نے تکیاہا اُدی ویکھیں آ تعبیر اے

میری قبر اُتے اِنج درد بھرے توں کر کے ویڑ نہ رو بچڑا
میری پگ دا وارث حوصلہ کر تیرے نال ہے غازی ویر اے

بے وطن ہویا میں وطن وچوں اے ملیا اجر رسالت دا
میری نبھ ویسیں شالا وسدی رہے نانا تیری جاگیر اے

بے کفن ہوسیں لاشہ میرا توں شام غریباں آ ویکھیں
پاسے دے دردتوں بھُل ویسیں نالے میت حسنؑ دے تیر اے
میرا جُرم تے قابل معافی ناہ حُر آکھے کرم حسینؑ کیتا
میری لاش تے پاک بتول روئی مینوں زینبؑ سڈیا ویر اے

ٹُر ویساں نانکے شہر وچوں تنویرؔ حسینؑ آکھے بقیعے وچ
آئے کرن سلام آخیر تینوں اج زینبؑ تے شبیرؑ اے



# نوحہ

وعدہ جو میں نے کیا تھا وہ نبھا نا ہو گا
چھوڑ کے شہر مدینہ مجھے جانا ہو گا

نانا عاشور کے دن وقت عصر کربل میں
آپ کو سجدہ میرا دیکھنے آنا ہو گا

ہو نہیں سکتا کبھی آل سے قرآن جُدا
اس لئے نیزہ پہ قرآن سُنانا ہو گا

بازو عباسؑ کے کٹ جائیں تو زینبؑ سُن لو
اپنی چادر سے علم دیں کا بنانا ہوگا

ڈھونڈنے آئیں گے اصغر کو یہ نیزے لے کر
پھول سے بیٹے کو مٹی میں چھپانا ہوگا

ہو نہ احساس یتیمی کا سکینہ کو کبھی
باپ بن کر اُسے سینے پہ سُلانا ہو گا
ہاتھوں میں رسیاں کھُلا سر تیرا ہو گا زینبؑ
شام بازار میں اِس حال میں جانا ہو گا

# نوحہ

کیوں آل پہ مُسلمان یہ ظلم ڈھا رہے ہیں
مجبور ہو وطن سے اب دُور جا رہے ہیں

کعبے سے بت ہٹا کے قبلہ بنا دیا
یثرب میں آئے اُس کو مدینہ بنا دیا
اب کربلا بسانے سادات جا رہے ہیں

مُسلم کی بیٹیوں کو سینے سے ہے لگایا
معجز نما نے منظر عباسؑ کو دیکھایا
گلیوں میں لاشِ مُسلم کوفی پھرا رہے ہیں

محفوظ ہونگے پردے کہتی ہے بنتؑ زہرا
دن رات ہاشمی سب دیتے رہیں گے پہرا
میرے ساتھ اِس سفر میں عباسؑ آ رہے ہیں

بعدِ علیؑ حسنؑ کو بھی زہر دے دیا ہے
قتلِ حسینؑ کا اب سامان کر لیا ہے
آثار پنجتن کے ظالم مٹا رہے ہیں



رحلت نبیؐ پہ مُسلم جب پُرسہ دینے آئے
زہراؑ کے پاک در پہ کچھ لوگ آگ لائے
کربل میں اب دوبارہ وہی گھر جلا رہے ہیں

دشوار راستے ہیں ملتا نہیں ہے سایا
زہراؑ کی بیٹیوں کو شبیرؑ ساتھ لایا
دینِ خدا کی خاطر صدمے اُٹھا رہے ہیں

شبیرؑ تیرے غم کا آیا قریب موسم
مجلس جلوسِ ماتم برپا رہیں گے ہر دم
پرچمِ عباسؑ مومن گھر گھر لگا رہے ہیں

تنویرؔ قید ہو کے سادات شام آئی
تحفے ملے ہیں اتنے زخمی ہے زہرا جائی
کر کے چراغاں شامی خوشیاں منا رہے ہیں

# نوحہ

ہو گئی ماہِ رجب میں بے وطن آلِ عبا
کر کے صُغرا کے حوالے آج قبرِ مصطفٰےؐ

سوگ میں ڈوبا مدینہ ہے اُداسی چار سو
ہر دَر و دیوار سے رونے کی آتی ہے صدا

شہر ہے یہ آپ کا بابا علیؑ کا ھے نجف
خون سے تعمیر ہو گا شہر میرا کربلا

خواب میں دیکھی ہے تر دستارِ نبوی خون میں
ہو گئی رنگیں لہو سے چادرِ خیرُ النساء

دشت میں اُجڑے ہوئے معصوم سہمے ظلم سے
بن گئے قیدی یہی دینِ محمدؐ کی بقاء

نوکِ نیزہ پہ بھی آنکھوں سے ہوئے آنسو رواں
دیکھا جب بازار اور زینبؑ بہن کو بے ردا

روتی ہے زینبؑ کفن میں لب پہ ہے نام حسینؑ
لگتا ہے جیسے بہن کو آج بھائی مِل گیا

رکھ دیا سجدے میں سر جس کو اُٹھایا شمر نے
کر گیا تنویرؔ سید بندگی کی انتہا



# نوحہ

بابے دے بعد زہراؑ اِک پل نہ چین پایا
اپنے نبیؐ دی دھی نوں اُمت نے کیوں ستایا

کر دین نوں مکمل ٹرے دنیا توں رُسولِ
آئی پرسہ دین اُمت زخمی ہوئی بتولِ
زینبؑ دی ما نے اج تک پاسے توں ہتھ نہ چایا

میرے حسینؑ دا توں زینبؑ رکھیں خیالِ
چھوڑے جدوں مدینہ رہیں توں بھرا دے نالِ
ہتھ چم کے پاک زہراؑ زینبؑ نوں اے ڈسایا

بنڑدی جے فاطمہ دی بابے دے نال تُربت
اِنج بقیعے وچ نہ وسدی اس دی قبر تے غُربت
ملیا نہیں اس دُکھی نوں روضے نبی دا سایا

میری ماں ہے فخرِ مریم میرا نام ہے حسینؑ اے
جے تک نہ خود بلا وے کھڑ دُور کر ساں وینڑ اے
بند کُھل گئے کفن دے بچڑے نوں گل ہے لایا

تنویرؔ کیتی زہراؑ حیدرؑ نوں اے وصیت
محسنؑ میرے دے قاتل ویکھنڑ نہ میری میت
میرے بابے دا جنازہ جہاں لوگاں نہیں اُٹھایا

# نوحہ

دھی مصطفیٰؐ اے خیر النساءؑ اے بابے نوں روندی ٹر گئی ہے زہراؑ
نہیں چین پایا زینبؑ دی ما اے بابے نوں روندی ٹرگئی ہے زہراؑ

ہتھ چُم کے زینبؑ دے آکھے بتول اے اُمت دے تیور میں ویکھ آئی
کربل دی ہوگئی اج ابتداء اے بابے نوں روندی ٹرگئی ہے زہراؑ

رحلت نبیؐ دا ارماں ہا اتنا درِ فاطمہ تے آ گئے مُسلماں
کُجھ لوگ اگ لے کے پرچانڑ آئے بابے نوں روندی ٹرگئی ہے زہراؑ

حق نہ اوڈیندے عزت کریندے گئی دھی نبیؐ دی جدوں بنڑ سوالی
جھٹلائے اُمت نے اس دے گواہ اے بابے نوں روندی ٹرگئی ہے زہراؑ

نہیں روونڑ دیندے مینوں اپنے گھر وچ باہر شہر توں ونج روندی بابا
تھک گئیاں اتنے صدمے اُٹھائے بابے نوں روندی ٹرگئی ہے زہراؑ

میرے بعد زینبؑ رکھنا خیال اے کئی وار منگدا اے پانی حسینؑ اے
ما وانگوں دیویں پانی پلائے بابے نوں روندی ٹرگئی ہے زہراؑ

میت حسنؑ تے بہوں تیر چلنے اُس دے کفن دو (۲) زینبؑ بناویں
اِک سُرخ ہوئے دیویں دُوجھا پا اے بابے نوں روندی ٹرگئی ہے زہراؑ

بنڑ قیدی رُلنا کلثومؑ زینبؑ مظلومہ آکھے مولا علیؑ نوں
دھیاں نوں دیویں ٹُرنا سکھا اے بابے نوں روندی ٹرگئی ہے زہراؑ

تنویرؔ زہراؑ دے غسل ویلے رویا ہے حیدرؑ جیسا بہادر
جدوں زخم زہراؑ دے فضہ ویکھائے بابے نوں روندی ٹرگئی ہے زہراؑ



# نوحہ

عمران دا چن وچ سجدے دے ہویا زخمی خنجر دے نال اے
کھلے پہلی واری کوفے وچ زینبؑ دے سر دے وال اے

اے قتل علیؑ دا نہیں لوگو دراصل ہے قتل رسالت دا
ظالم دے وار یتیم کیتے اج پاک بتول دے لال اے

رات اُنیسویں فجر ویلے سجدے وچ سر تے ضرب لگی
بنڑ کربل گئی مسجد کوفہ ہائے خون علیؑ دے نال اے

میرے بعد حسینؑ تے زینبؑ تے ہونا آغاز مصائب دا
توں بھینڑ زینبؑ دی چادر دا رکھیں آپ عباسؑ خیال اے

پڑھیا ہے جنازہ پُتر حُسن تیریاں دھیاں میت تے وینڑ کیتے
سجاد نے شام نوں ٹرجاناں چھڈ لاش حسینؑ پامال اے

نہیں موت اپنی دا غم مینوں اے درد رویندا ہے زینبؑ
اِس کوفے شہر اچ توں کرنا ہک چادر کانڑ سوال اے

اس کوفے دی شاہی سانوں نہیں بابا سائیں راس آئی
اے وینڑ زینبؑ کلثومؑ کیتے روئی پاک رُسول دی آل اے

تنویرؔ سخی حیدرؑ دے سوا کوئی تکیا نہیں کائنات دے وچ
دیوے شربت اپنے قاتل نوں ملدی نہ کوئی مثال اے

# نوحہ

21 رمضان نوحہ جات در شہادت حضرت علی علیہ السلام

اُٹھیا جدوں جنازہ کوفے دے وچ علیؑ دا
کائنات وچ ہے ماتم احمدؐ دے اج وصیؑ دا

قد قُتلا علیؑ دی جس دم سُنڑی منادی
زینب زمین تے گر گئی نہ ہوش رہی ردا دی
روئے علیؑ جاں تکیا سر ننگا اپنی دھی دا

غازی نہ رو صبر کر حیدرؑ پیا ہے آہدھا
کربل توں جانا بنڑ کے زورِ کمر بھرا دا
عباسؑ تیرے بازو پردا نے میری دھی دا

کوفہ اُداس ڈسدا روندی نبیؐ دی آلِ
ہو گئے یتیم لوگو اج فاطمہؑ دے لالِ
لٹیا نہیں جگ تے کوئی گھر ہور اِنج کسی دا

بہوں رونا بعد میرے شبیر تیری بھینڑ اے
بابے دی زندگی وچ زینبؑ کرے نہ وینڑ اے
کوفی نہ کوئی سنڑ لے آواز میری دھی دا



بچپن توں اے نبیؐ دے رہیا نال بنڑ کے سایا
مشکل دی ہر گھڑی وچ ہر ظلم توں بچایا
دینِ خدا دی نصرت مقصد ہا زندگی دا

وقتِ آخیر کیتی حسنینؑ نوں وصیت
کٹ جائے سر نہیں کرنی فاسق کسی دی بیعت
سُنت میری ایہو ھے فرمان وی نبیؐ دا

تنویرؔ سب مُسلمان مِل کے اے غم مناو
سلطان اولیاء دا تابوت اج اُٹھاوَ
دنیا توں ٹر گیا ہے سردار ہر ولی دا

# نوحہ

میرا آ گیا وقت شہادت دا توں حوصلے نال نبھا زینبؑ
توں رونڑا ہے زندگی ساری ہنڑ من لے ربّ دی رضا زینبؑ

میرا زخمی سر تینوں بُھل جاناں تک میت حسنؑ دے ٹکڑیاں نوں
شبیرؑ شہید ہونڑا کربل وچ تیری شام ہے مقتل گاہ زینبؑ

کوفے دیاں وسدیاں سِکدیاں ہن تیرا چہرا اقدس ویکھنڑ لئی
اے کرسن استقبال تیرا مستوراں پتھر وسا زینبؑ

توں وارث چادر زہراؑ دی شالا ویر سلامت رہن تیرے
میرے جیوندیاں ویڑنہ کر بچڑی توں خاک نہ سر وچ پا زینبؑ

ہو ختم امیری گئی میری پیا آندا دور مصائب دا
اِس کوفے دے بازاراں وچ توں رُلنا باجھ رِدا زینبؑ

ساڈیاں عیداں غم وچ بدل گئیاں ہوئے قتل علیؑ کلثوم آکھے
اج درد ونڈیندی گل لیندی ہوندی زندہ ما زہراؑ زینبؑ

تنویرؔ نہ گھر توں باہر جاون آواز بتولؑ دیاں دھیاں دے
غیور آکھے کل بیبیاں نوں اے گل دیوے سمجھا زینبؑ



# نوحہ

در شہادت امام حسن علیہ السلام

زخمی ہویا جنازہ اج حسنِؑ مجتبےٰ دا
دے زہر کیتا اُمت آغاز کربلا دا

مجبوری کیہڑی بنڑ گئی زینبؑ نوں دس حسینِؑ
کیوں آ گیا ھے واپس میت حسنؑ بھرا دا

یثرب ہے حوصلہ کر آکھے حُسینؑ رو کر
ہے امتحان کربل غازیؑ تیری وفا دا

اِس زہر دے اثر توں روندا نہیں میں زینبؑ
آندا نظر ھے مینوں لٹنا تیری رِدا دا

صدمے اُٹھائے لیکن توں خوش نصیب مولا
ملیا دفن لئی تینوں پہلو ھے فاطمہؑ دا

بعدِ علیؑ حسنؑ وی اج ٹر گیا جہاں توں
ویران کیتا اُمت گھر پاک فاطمہؑ دا

میرا یتیم زینبؑ اکبرؑ دے وانگ پالیں
قاسمؑ نوں مِل ونجیں بے سایہ تیری رِدا دا

یاد آ گئی حسنؑ نوں شائد عقیلؔ شام
بھینڑ یں دے وال چُمدا فرزند مرتضےٰؑ دا

# نوحہ

کیوں حسنؑ دے پاک جنازے تے کُجھ لوگاں تیر چلائے نے
بنڑ گئی مجبوری گھر واپس لے ویر جنازہ آئے نے

دتی چھوڑ حکومت شاہِ زمن اسلام بچاونڑ دی خاطر
دے زہر شہید کیتا پہلے ول دفن تے جھگڑے پائے نے

ہو کفن حسنؑ دا سرخ جاناں مینوں یاد وصیت ما دی ہے
اِس واسطے ویر حسنؑ کیتے دو زینبؑ کفن بنائے نے

ہویا زہر دا اثر شدید اتنا پھٹ جگر گیا مظلوم دا اے
چم جگر حسنؑ دے ٹکڑیاں نوں زینبؑ نے جھولی پائے نے

تیری زندگی وچ سانوں ہویا نہیں ویرنڑ احساس یتیمی دا
بھینڑیں دے سر تے رہن صدا تیری سبز قبا دے سائے نے

دربار یزید اچ بن چادر تیرے جانڑ تے زینبؑ روندا ہاں
اکھ بند کیتی میرے سامنے سب بازار دے منظر آئے نے
ٹری زہراؑ روندی دُنیا توں تنویر شہید علیؑ ہوئے
دے زہر نئے انداز دے وچ اُمت نے ظلم وسائے نے



# نوحہ

پہلا میت حسنؑ دا دُنیا تے جہیڑا گھر وچ واپس آیا ہے
مرحومہ ما دے پہلو وچ اِنوں ہاشمیاں نے دفنایا ہے

نانے دے نال نواسے دی اے قبر بناونڑ نہیں دیندے
کیتا استقبال جنازے دا تیراں دا مینہ برسایا ہے

پیا روندا ئے وانگ یتیماں دے رکھیں آپ خیال حسینؑ بھرا
قاسم دے سر تے ہتھ رکھ کے رو حسنؑ نے اے فرمایا ہے

سر ننگے دیکھے بھینڑیں دے آئے منظر یاد بازاراں دے
چم ہتھ کلثومؑ تے زینبؑ دے بھینڑیں نوں گل نال لایا ہے

نپ دامن غازی دا قاسم رہیا پچھدا بابا چپ کیوں ہے
کجھ بولدا نہیں اِنج لگدائے گیا اُٹھ بابے دا سایا ہے

نہیں مرنڑ دے بعد وی چین آیا کیتا اے جہیا ظلم جنازہ تے
کڈھے تیر میت چوں بھینڑیں نے دوجھا کفن حسینؑ پوایا ہے

ٹری زہراؑ ہتھ رکھ پاسے تے تیرے پُتر حسنؑ نوں زہر ملی
اُولاد بتول نوں اے نانا تیرا یثرب راس نہ آیا ہے

بن کفن دے دفن حسینؑ ہونا توں خوش قسمت ہیں حسنؑ بھرا
تینوں ویراں غسل کفن دے کے وچ شہر اپنے دفنایا ہے

تنویرؔ ہا ویر کی رب جانے اُمت نوں نال اِمام حسنؑ
تاریخ تُوں پچھ کس میت حسنؑ تے پہلا تیر چلایا ہے



# نوحہ

## شہادت امام حسن علیہ السلام

کس نے زہر دیا ہے زہراؑ کے گلبدن کو
مارا ہے ظالموں نے کیوں بے گناہ حسنؑ کو

بعد علی حسنؑ بھی دُنیا سے چل دیئے ہیں
کس کی نظر لگی ہے زہراؑ تیرے چمن کو

پہنایا تھا کفن تو میں نے سفید بھیا
رنگ سرخ ہو گیا ہے کیا ہو گیا کفن کو

تجھ کو کفن ملا تو گو چھد گیا ہے سارا
ڈھانپے گی ریگِ صحرا شبیرؑ کے بدن کو

زینبؑ تو حوصلہ کر ابھی ابتداء ہوئی
تُو نے تو زندگی بھر رونا ھے پنجتن کو

کر لی صلح حسنؑ سے دل سے گیا نہ کینہ
رہنے دیا نہ زندہ اِس شہنشاہ امن کو

گھر لوٹ آیا میت زہراؑ نے یہ صدا دی
لاؤ بقیع میں بیٹا میرے پاس تم حسنؑ کو

ٹکڑے جگر حسنؑ کے یاد آئے کربلا میں
پامال دیکھا شاہ نے قاسم کے جب بدن کو

قاسم یتیم کا بھی رکھنا خیال زینبؑ
اکبرؑ سا پیار کرنا کہتے رہے بہن کو

تنویر ایسی بکھری اولاد فاطمہؑ کی
یثرب سے جو بھی نکلا دیکھا نہ پھر وطن کو



## وینڑ

درشہادت شہزادہ امیر قاسم

قاسم دی لاش نوں لا سینے شبیرؑ خیام اِچ آیا ہے
آ ویکھ زینبؑ جیویں لٹ گیا ہے اج فروا دا سرمایا ہے

مینوں سڈیا قاسم مدد کیتے پر میرے پہنچن توں پہلے
گئے بھج گھوڑے پا مال تھیا میرے ویر حسنؑ دا جایا ہے

میں بعد شہادت پاک حسنؑ تیری آس تے جیندی رہی قاسم
میری اپنی قسمت اُمت شقی تیکوں موت دا سہرا پایا ہے
تک لاش قاسم آ یاد گئے میکوں جگر حسنؑ دے اج ٹکڑے
اے درد نہ بھلسیں قبر دے وچ فروا نے رو فرمایا ہے

تنویر ہویا ماتم برپا جاں گل مستوراں وینڑ کیتے
غش کر گئی ھے ما قاسم دی جداں زینبؑ آ گل لایا ہے

# نوحہ

درشہادت حضرت امیر قاسمؑ

اے پاک جنازہ قاسم دا جیہڑا عین شباب اِچ قتل ہویا
اے غُنچہ حُسن دے گلشن دا گیا وچ صحرانواں دے کملا

میری تیراں سالہ قربانی رَب اکبر اِنج منظور کیتی
تیری لاش سلامت نہیں قاسم کتھے بوسے دیوے اُجڑی ما

مینوں قاسم نے مجبور کیتا ڈتا اذن میں زینبؑ جنگ دا ہے
گھر حسنؑ دا وسدا اُجڑ گیا گل لگ کے رووݨ بھیݨ بھرا

میں قاسم گولنا ریت وچوں آ بقیعہ چھوڑ کے کربل وچ
مظلوم دی کر امداد حسنؑ کراں لاش قاسم دی میں یکجا

چن ٹکڑے لاشے قاسم دے آیا چادر وچ پا خیمے گاہ
آکھو فروا نوں او آن کرے ہݨ پُتر جوان نوں الوداع

تنویرؔ حسینؑ اے رو آکھے میری فوج ختم ہو گئی ساری
